## ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر نے انتخابی ریلی کا انعقاد کر کے پورے پاکستان میں انتخابی مہم کا آغاز کر دیا۔الطاف حسین

## لیاقت آباد نے اپنی پرانی روایات کو برقرار رکھا اور ریلی نکال کر تمام علاقوں پر بازی لے گیا

## ریلی نکالنے پر ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے ذمہ داروں، کارکنوں اور ہمدرد عوام کو زبردست خراج تحسین

کراچی۔۔۔28 جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے انتخابی مہم کے سلسلے میں ریلی نکالنے پر ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے ذمہ داروں، کارکنوں اور ہمدرد عوام کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ لیاقت آباد سیکٹر کے کارکنوں نے انتخابی ریلی کا انعقاد کر کے پورے پاکستان میں انتخابی مہم کا آغاز کر دیا ہے اور میڈیا پر ریلی دیکھنے والوں کو بھی اب یقین ہوگیا ہے کہ الیکشن ضرور ہوں گے۔وہ آج ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کمیٹی کے ارکان اور سیکٹر کے الیکشن سیل کے ارکان سے ٹیلیفون پر گفتگو کر رہے تھے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ لیاقت آباد باطل قوتوں کے سامنے ہمیشہ سے سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند رہا ہے اور ہمت وحوصلے اور جرات وبہادری کی ایسی مثالیں قائم کرتا چلا آیا ہے جس کی وجہ سے کراچی کے ساتھ ساتھ لیاقت آباد کا نام دنیا بھر میں جتنا مشہور ہے اتنا شائد کسی اور علاقے کا نام نہیں اور اب ایک بار پھر لیاقت آباد نے اپنی پرانی روایات کو برقرار رکھا اور ریلی نکال کر تمام علاقوں پر بازی لے گیا۔انہوں نے کہا کہ 27 دسمبر کے بعد جو حالات رونما ہوئے اس کے بعد عوام میں خوف وہراس اور غیر یقینی صورتحال پیدا ہوئی۔انہوں نے کارکنوں وذمہ داران سے کہا کہ وہ ماؤں بہنوں اور بزرگوں کو یہ پیغام دیں کہ وہ خوف وہراس اور غیر یقینی صورتحال کا شکار نہ ہوں اور 18 فروری کو انہیں اپنے عمل سے ثابت کرنا ہے کہ وہ اللہ کے علاوہ کسی سے نہیں ڈرتے اور وہ اپنے امیدواروں کو ووٹ دینے کیلئے ہر صورت میں پولنگ اسٹیشن جائیں گے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ لیاقت آباد سیکٹر کے کارکنوں نے انتخابی ریلی کا انعقاد کر کے پورے پاکستان میں انتخابی مہم کا آغاز کر دیا ہے جس کا سہرا لیاقت آباد والوں کو جاتا ہے اور جن لوگوں نے بھی ٹیلی وژن پر ریلی دیکھی ہے انہیں اب یقین ہوگیا ہے کہ الیکشن ضرور ہوں گے۔جناب الطاف حسین نے ریلی کے انعقاد پر ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے تمام ذمہ داروں وکارکنوں کو زبردست شاباش اور خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے انتخابی کاموں کی تیاری میں لیاقت آباد سیکٹر کے الیکشن سیل کے ارکان کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے جرات وہمت کا مظاہرہ کرنے پر لیاقت آباد کی ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور نوجوانوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن محمد واجد کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔28، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کورنگی میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم یونٹ 76 کے کارکن محمد واجد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے واجد شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## محمد واجد کا قتل شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔28، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کورنگی کے علاقے میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کے کارکن محمد واجد کے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور قتل کی واردات کو شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پیر کے روز ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے یونٹ 76 کے کارکن محمد واجد آئندہ عام انتخابات کے سلسلے میں پولنگ ایجنٹس کی میٹنگ کے انعقاد میں مصروف تھے۔اسی دوران ایک موٹر سائیکل پر سوار مسلح دہشت گردوں نے ان پر فائرنگ کر دی اور وہ موقع پر شہید ہوگئے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ محمد واجد کا قتل شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش ہے جس کا مقصد آئندہ عام انتخابات کو سبوتاژ کرنا اور عوام میں خوف وہراس پھیلانا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان اور نگراں وزیر اعلیٰ سندھ عبدالقادر ہالیپوٹہ سے مطالبہ کیا کہ محمد واجد کے قتل کا فوری نوٹس لیا جائے اور قتل کی واردات میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ مسلح دہشت گردوں کی اشتعال انگیز کارروائیوں پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور پرامن رہ کر کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازشوں کو ناکام بنا دیں۔رابطہ کمیٹی نے محمد واجد شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## کراچی کے مختلف علاقوں میں تسلسل کے ساتھ آتش زنی کے واقعات کی بھرپور تحقیقات کرائی جائے، رابطہ کمیٹی
## آتش زنی کے واقعات نہ صرف تشویشناک ہیں بلکہ اس سے یہ سوال بھی سامنے آرہا ہے کہ
## آیا آگ لگنے کے یہ مسلسل واقعات کسی سازشی منصوبہ بندی کا حصہ تو نہیں؟
## فیکٹری مالکان، مارکیٹوں اور شاپنگ سینٹرز کی ایسوسی ایشنوں، مختلف بلڈنگوں کے مالکان وانتظامیہ
## آگ لگنے کے واقعات کی روک تھام کیلئے اپنا کردار ادا کریں

کراچی۔۔۔28، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں گزشتہ کچھ عرصہ سے مختلف علاقوں میں تواتر کے ساتھ آگ لگنے کے واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ان واقعات کی بھرپور تحقیقات کروائی جائے اور ان واقعات کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی میں گزشتہ کچھ عرصہ سے مختلف علاقوں میں آتش زنی کے مسلسل واقعات ہورہے ہیں، کبھی کسی فیکٹری میں آگ لگ جاتی ہے، کبھی کسی مارکیٹ میں، کسی شاپنگ سینٹر میں اور کبھی کسی بلڈنگ میں آگ لگ جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آتش زنی کے یہ واقعات کراچی میں جس تسلسل کے ساتھ ہورہے ہیں ایسا کبھی دیکھنے میں نہیں آیا اور یہ صورتحال نہ صرف تشویشناک ہے بلکہ اس سے یہ سوال بھی سامنے آرہا ہے کہ آیا آگ لگنے کے یہ مسلسل واقعات کسی سازشی منصوبہ بندی کا حصہ تو نہیں؟ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت پرویز مشرف، نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان اور نگراں وزیراعلیٰ سندھ عبدالقادر ہالیپوٹہ سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں آگ لگنے کے ان واقعات کی مکمل تحقیقات کروائی جائے اور ان واقعات کی روک تھام کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔ رابطہ کمیٹی نے کراچی میں فیکٹری مالکان، مارکیٹوں اور شاپنگ سینٹرز کی ایسوسی ایشنوں، مختلف بلڈنگوں کے مالکان وانتظامیہ سے بالخصوص اور عوام الناس سے بالعموم اپیل کی ہے کہ وہ آگ لگنے کے واقعات کی روک تھام کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔

## برطانیہ کے ڈپٹی ہائی کمشنر کے اعزاز میں ایم کیو ایم کا الوداعی ظہرانہ، کیوبا کے سفیر کی ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

کراچی۔۔۔28، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کی جانب سے پیر کے روز ایم کیو ایم کے مرکز عزیز آباد میں سبکدوش ہونے والے برطانیہ کے ڈپٹی ہائی کمشنر HAMESH DANIAL کے اعزاز میں الوداعی ظہرانہ دیا گیا۔ اس موقع پر برطانیہ کے ڈپٹی ہیڈ آف مشن SAIMON BILEUM بھی موجود تھے۔ قبل ازیں رابطہ کمیٹی کے ارکان کی جانب سے نائن زیرو آمد پر معزز مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، رکن شاہد لطیف، نائب ناظمہ کراچی محترمہ نسرین جلیل اور ایم کیو ایم کے حق پرست امیدواران سید سردار احمد، رضا ہارون، فیصل سبزواری اور محترمہ فوزیہ اعجاز بھی موجود تھیں۔ بعدازاں سبکدوش ڈپٹی ہائی کمشنر ہمیش ڈینیل نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے بات چیت کی۔ گفتگو میں پاک برطانیہ تعلقات، پاکستان کی مجموعی سیاسی صورتحال، ایم کیو ایم کی انتخابی تیاریوں اور اس کے منشور کے علاوہ باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر فاروق ستار نے ہمیش ڈینیل کی پاکستان میں بطور سفارتکار خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی سفارتی خدمات کے باعث پاک برطانیہ تعلقات اب پہلے سے زیادہ مستحکم ہیں اور ان کی خدمات کو پاکستان کے عوام ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ اس سے قبل پاکستان میں متعین کیوبا کے سفیر GUSTAVO MACHIN GOMEZ نے بھی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار اور دیگر اراکین رابطہ کمیٹی سے خورشید بیگم میموریل ہال میں ملاقات کی۔ اس موقع پر مقامی صنعتکار احسان مختار زبیری بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پاک کیوبا تعلقات، پاکستان کی مجموعی سیاسی صورتحال، ایم کیو ایم کی انتخابی تیاریوں، اس کے منشور سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

## انتخابی مہم کے سلسلے میں ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر کے زیر اہتمام 11 علاقوں میں پتنگ میلے کا انعقاد

## رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج اور حق پرست امیدوار عالم انور کی پتنگ میلے میں شرکت

کراچی۔۔۔28، دسمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ لیاقت آباد سیکٹر کے زیر اہتمام اتوار کی شام 11 مختلف علاقوں میں بیک وقت پتنگ میلے کا انعقاد کیا گیا جس میں ایم کیو ایم کے کارکنان اور ہمدرد عوام نے کثیر تعداد میں حصہ لیا اور ایم کیو ایم کے سہ رنگی پرچم کے رنگوں پر مشتمل پتنگیں اڑائیں۔ پتنگ میلے کا انعقاد لیاقت بندھانی کالونی، جامعہ ٹنگی گراؤنڈ ایف سی ایریا، لیاقت آباد نمبر 4 بوائز اسکول، طالب کالونی، بی ون ایریا کرکٹ گراؤنڈ اور دیگر علاقوں میں کیا گیا تھا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کے کارکنان اور عوام نے بہت بڑی تعداد میں پتنگیں اڑائیں اور والہانہ جوش وخروش کا مظاہرہ کیا۔ پتنگ میلے کے دوران ایم کیو ایم کے ترانے بجائے گئے جن کی دھنوں پر پرجوش کارکنان رقص کررہے تھے اور فلک شگاف نعرے لگا کر والہانہ جوش وخروش کا مظاہرہ کررہے تھے۔ ایم کیو ایم کے زیر اہتمام پتنگ میلے کے باعث لیاقت آباد کی فضاؤں میں ہر طرف ایم کیو ایم کے سہ رنگی پرچم کے رنگوں پر مشتمل پتنگوں کی بہار دکھائی دے رہی تھی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کے کارکنان اور عوام میں زبردست جوش وخروش دیکھنے میں آیا۔ آسمان پر اڑتی ہوئی ایم کیو ایم کے پرچم کے رنگوں سے تیار کی گئی پتنگوں کے دیدہ زیب منظر کو علاقے کی خواتین اور بچوں نے اپنے گھروں کی چھتوں، گیلریوں اور کھڑکیوں سے دیکھا اور والہانہ جوش وخروش کا مظاہرہ کیا اور انگلیوں کی مدد سے وکٹری کا نشان بنا کر ایم کیو ایم کی حمایت کا یقین دلایا۔ دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج اور ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدوار برائے پی ایس 106 انور عالم نے لیاقت آباد کے مختلف علاقوں میں منعقدہ پتنگ میلے کی تقریبات میں شرکت کی اور ایم کیو ایم کے کارکنان وہمدرد عوام کے ساتھ مل کر پتنگ اڑائی۔

## معروف سماجی اور کاروباری شخصیات نے آئندہ انتخابات میں ایم کیو ایم کے امیدواروں کی حمایت کا اعلان کردیا

## حق پرستوں نے شہر کی تعمیر وترقی کیلئے قابل تعریف کردار ادا کیا ہے، فیروز باویجہ

کراچی۔۔۔28، جنوری 2008ء

معروف سماجی شخصیت فیروز الدین باویجہ اور معروف تاجر گلزار فیروز اور منظر عالم نے 18، فروری کو ہونے والے عام انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز سوسائٹی میں تاجروں کی جانب سے حق پرست امیدواران برائے قومی وصوبائی اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت، عبدالرشید گوڈیل اور سردار احمد کے اعزاز میں دی گئی استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد بالخصوص خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے معروف صنعتکار فیروز باویجہ نے کہا کہ ایم کیو ایم نے شہر کی تعمیر وترقی کیلئے جو کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں انہیں فراموش نہیں کیا جاسکتا اور شہر کی تعمیر وترقی کیلئے حق پرست نمائندوں کا کردار قابل تعریف ہے۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ 27 دسمبر راولپنڈی لیاقت باغ کے بعد سندھ بالخصوص کراچی میں امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے اور افسوسناک واقعات کے متاثرین کے نقصانات کے ازالہ کیلئے متحدہ قومی موومنٹ نے ہر سطح پر کاوشیں کر کے ثابت کردیا ہے وہ متاثرین کے نقصانات کے ازالے کیلئے مخلص ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ترقی وخوشحالی کے اس سفر کو جاری رکھنا چاہتے ہیں اور اسی لئے ہم حق پرست قیادت پر اعتماد کا اظہار کررہے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدواران محترمہ خوش بخت شجاعت، عبدالرشید گوڈیل اور سردار احمد نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جنہوں نے ہمیشہ عوام کی بلاتفریق اور بے لوث خدمت کا درس دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ہیں اور یہی وجہ ہے کہ کراچی میں حق پرست قیادت کے ترقیاتی منصوبوں کو ہر سطح پر سراہا جارہا ہے۔ انہوں نے عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی حمایت پر سماجی اور کاروباری شخصیات سے دلی تشکر کا اظہار کیا۔

## ایم کیو ایم سکھر کی زونل کمیٹی کے رکن عبدالعزیز کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔28، دسمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم سکھر کی زونل کمیٹی کے رکن عبدالعزیز کی والدہ محترمہ جنت بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## کورنگی میں مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے کارکن عبدالعزیز شدید زخمی
## عبدالعزیز کو فائرنگ کا نشانہ بنانے والے ڈاکوؤں کو سخت ترین سزادی جائے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔28،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کورنگی میں مسلح ڈاکوؤں کی جانب سے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن عبدالعزیز کو فائرنگ کرکے زخمی کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ عبدالعزیز کو زخمی کرنے والے ڈاکوؤں کو سخت ترین سزادی جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے اتوار کے روز کورنگی نمبر ساڑھے تین میں این ایریا میں مسلح ڈاکو ڈکیتی کی واردات کے بعد فرار ہورہے تھے کہ ایم کیوایم کورنگی یونٹ 72 کے کارکنان نے انہیں پکڑنے کی کوشش کی جس پر ڈاکوؤں نے ان پر فائرنگ کردی۔ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے کارکن عبدالعزیز شدید زخمی ہوگئے جنہیں مقامی اسپتال میں طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا اس سے قبل لیاقت آباد میں ایم کیوایم یونٹ 164 کے کارکن محمد اعجاز کے بھائی محمد سلمان خان کو ڈکیتی کی واردات کے دوران فائرنگ کرکے قتل کیا جاچکا ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور نگراں وزیراعلیٰ سندھ سے مطالبہ کیا کہ عبدالعزیز اور محمد سلمان کو فائرنگ کا نشانہ بنانے کے واقعات کا فوری نوٹس لیا جائے اور ڈاکوؤں کو سخت ترین سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے ایم کیوایم کے کارکن عبدالعزیز کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## محبان پاکستان مدینہ منورہ یونٹ کے رابطہ سیکریٹری کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

مدینہ منورہ۔۔۔28،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے خلیجی ممالک میں پاکستانیوں کی تنظیم محبان پاکستان مدینہ منورہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن اور رابطہ سیکریٹری ذوالفقار الدین کی والدہ محترمہ انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء محبان پاکستان مدینہ منورہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے ذوالفقار الدین کی والدہ کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا اور ان کے گھر جاکر تعزیت کی۔وہ کچھ دیر تک سوگوار لواحقین کے ساتھ رہے اور انہوں نے مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## ایم کیوایم کے منشور پر عمل کرکے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے،انور عالم
## فیڈرل بی ایریا کے علاقے حسین آباد میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی۔۔۔28،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج اور حق پرست امیدوار برائے پی ایس 106 انور عالم نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کے منشور میں موجود نکات پر عملدرآمد کرکے ہی ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن رکھا جاسکتا ہے۔وہ اتوار کے روز فیڈرل بی کے علاقے حسین آباد میں ایک بڑی انتخابی کارنر میٹنگ کے شرکاء سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر انہوں نے الیکشن آفس کا افتتاح بھی کیا۔کارنر میٹنگ میں علاقے کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔انور عالم نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ جمہوری روایت کا مکمل احترام کرتی ہے اور آنے والے عام انتخابات جمہوری نظام کو مزید مستحکم اور مضبوط بنانے کیلئے اہم کردار ادا کرے گی۔انہوں نے کہا کہ جو جماعتیں عام انتخابات سے راہِ فرار اختیار کررہی ہیں وہ دراصل عوام کے ہاتھوں اپنی عبرتناک شکست سے خوف زدہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام باشعور ہوچکے ہیں اور وہ جان چکے ہیں مفاد پرست سیاسی و مذہبی جماعتیں ان کے مسائل حل نہیں کرسکتی اور ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے مخلصانہ جدوجہد کررہی ہے۔انور عالم نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 18 فروری کو اپنے قیمتی ووٹ کا استعمال لازمی کریں اور حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

## انتہاء پسندی ملک وقوم کیلئے زہر قاتل ہے، خواجہ سہیل منصور، محمد حنیف شیخ
## جونا گڑھ محلّہ، بلوچ محلّہ اور داتاری محلّہ میں انتخابی اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔28، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 240 خواجہ سہیل منصور اور برائے پی ایس 91 محمد حنیف شیخ نے کہا ہے کہ مذہبی انتہاء پسندی ملک وقوم کیلئے زہر قاتل ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ ملک بھر کے عوام ملک وقوم کو مذہبی انتہاء پسندی کے خاتمے اور اعتدال پسند معاشرے کے قیام کیلئے اپنا بھر پور کردار ادا کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے حلقہ انتخاب کے علاقے جونا گڑھ محلّہ، بلوچ محلّہ اور داتاری محلّہ میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کارنر میٹنگوں میں علاقے کے معززین نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ خواجہ سہیل منصور اور محمد حنیف شیخ نے کہا کہ نام نہاد مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں نے اپنے ذاتی مفادات کی تکمیل کیلئے مذہب کا سہارا لیا اور غریب ومتوسط طبقہ کے بچوں کو اسلام کی آڑ میں گمراہ کر کے دنیا بھر میں اسلام کو بدنام کرنے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے باشعور عوام اسلام کی آڑ میں غریب بچوں کو قربانی کا بکرا بنانے کی گھناؤنی سازشوں سے اچھی طرح واقف ہو چکے ہیں اور انشاء اللہ آئندہ عام انتخابات میں ملک بھر کے عوام حق پرست امیدواروں کو کامیاب بنائیں گے اور دنیا بھر میں اسلام کو بدنام کرنے والے عناصر کو مسترد کر دیں گے۔

## متحدہ قومی موومنٹ غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے، انور خان ترین
## بلوچستان کے علاقے پشتون آباد میں عوامی اجتماع سے خطاب

کوئٹہ۔۔۔28، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے بلوچستان پی بی III کوئٹہ 3 انور خان ترین نے کہا ہے کہ ملک بھر کے مظلوم عوام جان چکے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ ہی غریب ومتوسط طبقے کی اصل نمائندہ جماعت ہے اور آئندہ انتخابات میں ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں گے۔ یہ بات انہوں نے انتخابی مہم کے سلسلے میں پشتون آباد میں منعقدہ عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انور خان ترین نے کہا کہ ملک پر 2 فیصد مراعات یافتہ جاگیردار طبقہ گزشتہ 60 برسوں سے قابض ہے جس نے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے حقوق غصب کر رکھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو جماعتیں اپنے غریب کارکنوں کو الیکشن ٹکٹ نہ دیں ان سے غریب عوام کی فلاح و بہبود کی امید کرنا بے کار ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے نتائج کی پرواہ کئے بغیر ظلم کو ظلم کہا اور مظلوموں کی حمایت کی ہے اور بلوچستان بھی قائد تحریک جناب الطاف حسین کے چاہنے والوں کا صوبہ ہے۔ انہوں نے کارنر میٹنگ کے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور حق پرستوں کے انتخابی نشان پتنگ پر اپنے اعتماد کی مہر ثبت کریں۔

## عوام فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے حق پرست امیدواروں کو کامیاب بنائیں
## سردار احمد اور ڈاکٹر صغیر احمد کی جمشید روڈ، فاطمہ جناح کالونی اور لیاقت بستی میں عوامی رابطہ مہم

کراچی۔۔۔28، دسمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے پی ایس 116 سید سردار احمد اور برائے پی ایس 117 ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم کی سیاست کا مقصد ذاتی مفادات کا حصول نہیں بلکہ ملک بھر کے عوام کے جائز حقوق کا حصول ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز جمشید روڈ، فاطمہ جناح کالونی اور لیاقت بستی میں عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں گھر گھر جا کر عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ سردار احمد اور ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا کہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے باعث گزشتہ 60 برسوں سے غریب و متوسط طبقے کے عوام کا استحصال کیا جا رہا ہے اور جب تک ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوگا غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے مسائل حل نہیں ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم غریب ومتوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت ہے اور عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے دن رات کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے ایم کیو ایم کے ہاتھ مضبوط کریں اور آئندہ عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## 18،فروری کے دن عوام مفاد پرستوں کا بوریا بستر گول کردیں گے، طاہر قریشی

## حق پرست امیدوار کی عثمان آباد، رامسوامی، گارڈن ویسٹ میں رابطہ مہم کے دوران گفتگو

## یوسی 7 صدر ٹاؤن کے سابق کونسلر گل باشاہ خان نے اپنی برادری کی جانب سے طاہر قریشی کی حمایت کا اعلان کردیا

کراچی۔۔۔28،دسمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے پی ایس 111 طاہر قریشی نے کہا ہے کہ 18،فروری کے دن ملک بھر کے عوام اپنے ووٹ کا صحیح استعمال کر کے ملک سے مفاد پرستوں کا بوریا بستر گول کردیں گے اور حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز رابطہ مہم کے سلسلے میں اپنے حلقہ انتخاب کے علاقوں عثمان آباد، رامسوامی، گارڈن ویسٹ میں گھروں، دکانداروں اور محلّہ کمیٹیوں کے اراکین سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر یوسی 7 صدر ٹاؤن کے سابق کونسلر گل بادشاہ خان نے عام انتخابات میں اپنی برادری کی جانب سے حق پرست امیدوار طاہر قریشی کی مکمل حمایت کا اعلان بھی کیا۔رابطہ مہم کے دوران عوام سے گفتگو کرتے ہوئے طاہر قریشی نے کہا کہ حق پرست قیادت کا موجودہ دور ترقی وخوشحالی کی نئی راہیں کھول رہا ہے اور عوامی خدمت کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت کے عملی کام سے ہی متاثر ہوکر آئندہ انتخابات میں عوام ایم کیوایم کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر ثبت کریں گے اور حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں گے۔

## قیوم آباد کی تنولی برادری کی سرکردہ شخصیات نے آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی غیر مشروط حمایت کا اعلان کردیا

کراچی۔۔۔28،دسمبر 2008ء

قیوم آباد میں رہائش پذیر ہزارہ قومیت کی تنولی برادری کی سرکردہ شخصیات نے متحدہ قومی موومنٹ کے فکروفلسفہ اور حق پرست قیادت کے عملی ترقیاتی کاموں سے متاثر ہوکر آئندہ عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی غیر مشروط حمایت کا اعلان کیا ہے اور تنولی برادری کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین سے اپیل کی ہے کہ وہ آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔تنولی برادری کی سرکردہ شخصیات کی جانب سے یہ اعلان گزشتہ روز قیوم آباد کے علاقے سیکٹر C-32 میں منعقدہ عوامی اجتماع میں کیا گیا۔اس موقع پر حق پرست امیدوار برائے پی ایس 124 علیم الرحمٰن بھی موجود تھے۔حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کرنے والوں میں تنولی برادری کی سرکردہ شخصیات میں نور رحمان خان، ارشاد خان، حبیب الرحمان، خان افسر خان، خوائیداد خان، حاجی صفدر اور اشرف شامل ہیں۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے علیم الرحمان نے تنولی برادری کی جانب سے حق پرست امیدواروں کی غیر مشروط حمایت کے اعلان کا خیر مقدم کیا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم بلا امتیاز وتفریق عوام کی عملی خدمت کررہی ہے اور ایم کیوایم کے عملی اقدامات کے باعث ملک بھر کی تمام قومیتوں کے افراد ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں۔

☆☆☆☆☆